مِفتاح العربية
(الجزء الأول)
مصنف
مولانا محمد توفیق احمد نعیمی
DM
دارالمُنِیف
لِلنشر والتوزیع
الإمام احمد رضا اکادیمی
بریلی الشریفة (الهند)

مفتاح العربية

(الجزء الأول)

مصنف:

مولانا محمد توفیق احمد نعیمی

DM

دار المنيف

للنشر والتوزيع

الإمام احمد رضا اكاديمي

بريلي الشريفة (الهند)

سلسلة الإشاعة: ٣٧٨

الكتاب:	مفتاح العربية (الجزء الأول)
المصنف:	مولانا محمد توفیق احمد نعیمی
الترتيب با الكمبيوتر:	المولوي محمد عفيف رضا خان البركاتي
عدد الصفحات:	48
سنة الطباعة:	١٤٤١هـ/ ٢٠٢٠ء
بلد الطباعة:	بريلي الشريفة
الطبعة:	الأولىٰ

Website: www.imamahmadrazaacademy.com

Email: munifkhan1456@gmail.com

بسم الله الرحمن الرحيم

نحمدہ ونصلی علی رسولہ الکریم

حرف اول

اس میں کوئی شک نہیں کہ عربی زبان مسلمانوں کے لئے ایک روح کی حیثیت رکھتی ہے کیونکہ ان کا تقریبا تمام علمی و دینی سرمایہ عربی الفاظ میں قید ہے لہذا وہ اس سے نہ کبھی دور ہوئے ہیں اور نہ ہو سکتے ہیں مگر اس کے باوجود مسلمانوں نے عربی زبان کی جانب بحیثیت ایک ایسی زبان کے جو زندگی کی ہر کروٹ اور لیل ونہار کی ہر گردش پر محیط ہو کما حقہ، توجہ نہیں دی۔

بیسویں صدی کے اوائل میں ممالک عربیہ خاص کر مصر میں عربی زبان کی تعلیم کو جدید تر کرنے کا سلسلہ شروع کیا گیا تھا، اس میں ان کو جلد ہی خاطر خواہ کامیابی بھی ملی کیونکہ وہاں عربی زبان، مادری زبان بھی تھی اور وہاں اس کے ایک سے ایک بڑھ کر ماہرین بھی تھے، جنہوں نے عصری تقاضوں کو اپنے طویل تعلیمی تجربوں کی روشنی میں پورا کر کے اپنے فرض منصبی کو ادا کیا جبکہ برصغیر میں عربی تعلیم کا مسئلہ اس سے مختلف تھا۔ یہاں عربی زبان نہ تو مادری زبان ہی تھی اور نہ ہی اس کو عصری تقاضوں سے ہم آہنگ کرنے کی کوئی سنجیدہ کوشش ہی کی گئی پھر سقوط سلطنت اسلامیہ کے بعد کہ جس کے سایہ میں عربی تعلیم کا پودا پروان چڑھتا تھا، مسلمان ایک عجیب ذہنی انتشار کا شکار رہے۔ انہیں نہ تو سیاسی سایہ ہی میسر ہو سکا اور نہ ہی باہمی تعاون۔ آزادی کے بعد بھی مسلمانوں کو ذہنی سکون نہ مل سکا بلکہ حالات بد سے بدتر ہو گئے۔ تاہم ہمارے علمائے کرام عربیات کو مسلمانوں سے قریب کرنے کی کوشش کرتے رہے اور کچھ کتابیں بھی لکھی گئیں مگر یہ سلسلہ زیادہ آگے نہ بڑھ سکا، ناچار پوری قوم اور تمام مدارس عربیہ کو قدیم اور چند جدید کتابوں پر ہی اکتفا کرنا پڑا۔

آجکل دنیا بھر میں لسانیات سے متعلق نئے نئے تجربے ہو رہے ہیں ان سے ہمارے نصاب تعلیم کو ضرور فائدہ اٹھانا چاہیے۔ یہ خوش آیند بات ہی ہے کہ ادھر چند برسوں سے کئی فضلا ان تجربات سے فائدہ اُٹھا کر اپنے مدارس کو ان سے فیضیاب کرنے کی تگ ودو میں لگے ہوئے ہیں۔

مفتاح العربیہ کو اسی تگ ودو کا نتیجہ سمجھا جائے۔ یہ نئے تجربات پر ہی مبنی ہے اور اسے مقدور بھر عصری تقاضوں سے ہم آہنگ کرنے کی کوشش کی گئی ہے۔

مفتاح العربیہ کے اوصاف

اس میں بحمدہ تعالیٰ اصول تعلیم: تدریج، استخراج، تفہیم، تمرین، اعادہ وتکرار اور تقریب صوری کا بھرپور لحاظ رکھا گیا ہے۔ نیز مندرجہ ذیل اوصاف کی آئینہ دار ہے:

- رائج عربی کو استعمال کیا گیا ہے۔

- قدیم کے دوش بدوش جدید عربی لائی گئی ہے۔
- جابجا قرآنی الفاظ لائے گئے ہیں۔
- اسباق میں نئے الفاظ کا اضافہ مناسب مقدار میں کیا گیا ہے۔
- کثیر الاستعمال قواعد برتے گئے ہیں۔
- کثیر الاستعمال الفاظ لائے گئے ہیں۔
- اکثر اسباق تین اجزاء پر مشتمل ہیں۔(۱) عربی تمرین (۲) اردو تمرین (۳) عربی اسئلہ
- سلسلۂ اسباق اس نہج پر ترتیب دیا گیا ہے کہ اس سے جہاں رٹے بغیر تراکیب کے ضمن میں مفردات حفظ ہوجائیں گے تو وہیں ترکیبی نشیب و فراز کا شعور بھی بیدار ہوجائے گا اور اس طرح انشاء اللہ طلبہ پر صحیح ترجمہ کرنے اور عربی لکھنے بولنے کی راہیں کھل جائیں گی اور آگے چل کر یہ اسلوب ان کے لئے ایک بہترین تمہید ثابت ہوگا اور ان سب پر مستزاد یہ کہ اسلوب بیان آسان، دلچسپ اور سلیس ہے۔ والحمد للہ علی ذلك۔

برائے اساتذہ رہنما خطوط

طریقۂ تعلیم کے تعلق سے:

(۱) اسباق کی عربی، اردو تمرین کا ترجمہ اور عربی اسئلہ کے جوابات زبانی بھی سنے جائیں اور لکھوائے بھی جائیں۔

(۲) لکھنے میں عربی رسم الخط اور بولنے میں عربی لہجہ اختیار کیا جائے۔

(۳) نئے الفاظ کا معنی بتا کر خود طلبہ سے جملوں کا ترجمہ کرایا جائے۔

(۴) آموختہ اسباق جب تک اچھی طرح یاد نہ ہوجائیں سبق آگے نہ بڑھایا جائے۔

(۵) کوئی قاعدہ اچھی طرح ذہن نشین نہ ہوا ہو تو مزید مثالوں کے ذریعے اس کی تفہیم کرادی جائے۔

(۶) سمجھانے کے لئے تختۂ سیاہ استعال کیا جائے۔

(۷) اسباق کی برابر تکرار کرائی جائے (طلبہ خود بھی آپس میں تکرار کرتے رہیں اور اس کے لئے سوالیہ انداز اختیار کریں۔ مثلا: مَنْ هٰذَا؟ مَا هٰذَا؟ مَا مَعْنٰى فَرَسٍ؟ یا گنتی، پہاڑوں کی طرح باری باری اپنے ساتھیوں کو تکرار کرائیں)۔

قواعد کے تعلق سے:

(۱) اَلْوَرْدُ (الف ولام کے ساتھ) معرفہ ہے اور وَرْدٌ (بے الف ولام) نکرہ ہے۔

(۲) مُجْتَهِدٌ مذکر ہے اور مُجْتَهِدَةٌ (ة کے ساتھ) مؤنث ہے۔

(۳) اسمائے اشارہ برائے مذکر: هٰذَا، ذٰلِكَ، برائے مؤنث: هٰذِهٖ تِلْكَ۔

(۴) مذکر واحد کی ضمیریں: کَ (بالفتح) ہٗ، ھُوَ، اَنْتَ (تا کے زبر کے ساتھ)

مؤنث واحد کی ضمیریں: کِ (بالکسر) ھَا، ھِیَ، اَنْتِ (تا کے زیر کے ساتھ)

(۵) ھٰذَا الْکِتَابُ (یہ کتاب) یہ مرکب ناقص کہلاتا ہے اور ھٰذَا کِتَابٌ (یہ کتاب ہے) یہ مرکب تام ہے۔

(۶) ﴿۱﴾ وَلَدُ جَمِیْلٍ (جمیل کا لڑکا) ﴿۲﴾ وَلَدٌ جَمِیْلٌ (خوبصورت لڑکا) یہ بھی مرکب ناقص کہلاتے ہیں۔ اول کا نام مرکب اضافی اور دوسرے کا مرکب توصیفی ہے۔ اول میں پہلا اسم مضاف اور دوسرا مضاف الیہ اور دوسرے میں پہلا اسم موصوف اور دوسرا صفت کہلاتا ہے۔

(۷) اَلْوَلَدُ جَمِیْلٌ میں الولد مبتدا ہے اور جمیل اس کی خبر ہے۔ اسی طرح ھٰذَا کِتَابٌ میں ھٰذَا مبتدا ہے اور کِتَابٌ خبر ہے۔

(۸) ﴿۱﴾ اَلْوَلَدُ جَمِیْلٌ ﴿۲﴾ اَلْبِنْتُ جَمِیْلَةٌ پہلی مثال میں مبتدا مذکر ہے اس لئے خبر بھی مذکر آئی ہے اور دوسری میں چونکہ مبتدا مؤنث ہے اس لئے خبر بھی مؤنث ہے۔ قدرے تفصیل دوسرے حصے میں آرہی ہے۔

(۹) مبتدا و خبر اور موصوف وصفت (مرکب توصیفی) میں یہ فرق ہے کہ مبتدا عموماً معرفہ اور خبر نکرہ ہوتی ہے۔ جیسے: اَلْبِنْتُ جَمِیْلَةٌ اور موصوف وصفت دونوں معرفہ ہوتے ہیں جیسے: اَلْوَلَدُ الْجَمِیْلُ (خوبصورت لڑکا) یا دونوں نکرہ جیسے: بِنْتٌ جَمِیْلَةٌ (کوئی یا ایک خوبصورت لڑکی)

(۱۰) اَیٌّ مذکر و مؤنث دونوں کے لئے مستعمل ہے (اور اَیَّةٌ صرف مؤنث کے لئے)

(۱۱) "مِنْ" اور "لِ" جار کا ترجمہ "کا" "کی" "کے"، سے بھی کیا جاتا ہے: جیسے: اَلْحَدِیْقَةُ لِھٰذَا الرَّجُلِ (باغ اس مرد کا ہے)

(۱۲) ھٰذَا الْوَلَدُ، جَمِیْلٌ (یہ لڑکا، خوبصورت ہے) ھٰذَا، وَلَدٌ جَمِیْلٌ (یہ، خوبصورت لڑکا ہے) اول مثال میں ھٰذَا الْوَلَدُ مبتدا اور جَمِیْلٌ خبر ہے اور دوسری مثال میں ھٰذَا مبتدا اور وَلَدٌ جَمِیْلٌ (موصوف صفت سے مل کر) خبر ہے۔

(۱۳) ﴿۱﴾ اَلْفَرَسُ وَالْحِمَارُ (گھوڑا اور گدھا) ﴿۲﴾ رَبِّیْ وَ رَبُّكَ اللّٰهُ (میرا رب اور تیرا رب اللہ ہے) اردو محاورے کے مطابق اول کے ترجمہ میں "اور" لانا اور دوسرے کے ترجمہ میں "رب" کی تکرار ضروری نہیں۔

(۱۴) ہمزہ (أ) اور ھَلْ میں فرق یہ ہے کہ ہمزہ کے ذریعے مفرد اور جملہ کے بارے میں پوچھا جاتا ہے اثبات و نفی میں اور ھَلْ کے ذریعے صرف جملہ فی الاثبات کے بارے میں پوچھا جاتا ہے۔

(۱۵) وَلَدُ الْعَالِمِ الصَّغِیْرُ، حَاضِرٌ (عالم کا چھوٹا لڑکا، حاضر ہے)۔ اس میں صفت مضاف الیہ کے بعد ہے

نوٹ: چونکہ یہ عربی زبان و ادب کی ابتدائی کتاب ہے۔ اس لئے طلبہ کو حفظ قواعد میں الجھانا مناسب نہیں۔ ہاں البتہ ضرورتاً ضروری قواعد کی جانب رہنمائی کی جاسکتی ہے۔

محمد توفیق احمد نعیمی غفرلہ

۹ر جمادی الآخرۃ ۱۴۲۹ھ

بسم اللہ الرحمن الرحیم

درس (۱)

مفردات

إِنَاءٌ (برتن)	بَصَلٌ (پیاز)	تُفَّاحٌ (سیب)	ثُوْمٌ (لہسن)	جَبَلٌ (پہاڑ)
حَبْلٌ (رسّی)	خَيْطٌ (دھاگا)	دَلْوٌ (بالٹی)	ذَهَبٌ (سونا)	رُمَّانٌ (انار)
زَهْرٌ (پھول)	سَرْجٌ (زین)	شَجَرٌ (درخت)	صِدَارٌ (واسکٹ)	ضَرْعٌ (تھن)
طُوْبٌ (اینٹ)	ظَرْفٌ (برتن)	عِنَبٌ (انگور)	غَرْسٌ (پودا)	فِلْفِلٌ (مرچ)
قُفْلٌ (تالا)	كُرْسِيٌّ (کرسی)	لَوْزٌ (بادام)	مِفْتَاحٌ (چابی)	نَجْمٌ (ستارا)
	وَرْدٌ (گلاب)	هِلَالٌ (چاند)	يَرَاعٌ (قلم ''نیزے کا'')	

درس (۲)

اَلتُّفَّاحُ	اَلْاَبُ	اَلْعَمُّ	اَلْجَبَلُ	اَلْخَالُ	اَلذَّهَبُ	اَلْفَرَسُ	اَلْاَخُ
اَلنُّوْرُ	اَلدَّلْوُ	اَلْحَارِسُ	اَللَّحْمُ	اَلْبَصَلُ	اَلْجَبَلُ	اَلْوَرْدُ	اَلْجَرَسُ
اَلْخَاتَمُ	اَلنَّجْمُ	اَلسِّكِّيْنُ	اَلْعِنَبُ	اَلْقِطَارُ	اَلْخَيْطُ	اَلْمِقْرَاضُ	اَلْمَلِكُ
اَلْحَدِيْدُ	اَلسُّكَّرُ	اَلسَّرْجُ	اَلطِّفْلُ	اَلضَّيْفُ	اَلْقُفْلُ	اَلشَّجَرُ	اَلزَّهَرُ

عربی بناؤ!

برتن	چابی	تالا	انگور	بادام	پہاڑ	لہسن	سیب
سونا	دھاگا	ستارا	بچّہ	انار	پیاز	گلاب	پودا
مرچ	چاند	رسّی	درخت	واسکٹ	باپ	چچا	ماموں

بھائی بیل چوکیدار گھنٹہ لوہا بادشاہ ریل گوشت
قینچی چھری مہر

درس (۳)

وَرْدٌ	اَلْوَرْدُ طَرِيٌّ	طَعَامٌ	اَلطَّعَامُ بَائِتٌ
تُفَّاحٌ	التُّفَّاحُ حُلْوٌ	عِنَبٌ	اَلْعِنَبُ حَامِضٌ
	ضَيْفٌ	اَلضَّيْفُ جَائِعٌ	

اَلْبَقْلُ طَرِيٌّ	اَلطَّعَامُ بَائِتٌ	اَلتُّفَّاحُ حُلْوٌ	اَلْعِنَبُ حَامِضٌ
اَلسُّؤَالُ سَهْلٌ	اَلْجَوَابُ صَعْبٌ	اَلطَّعَامُ طَرِيٌّ	اَلْبَقْلُ بَائِتٌ
اَلْعِنَبُ حُلْوٌ	اَلْبُرْتُقَالُ حَامِضٌ	اَلْمَوْزُ طَوِيْلٌ	اَلرَّجُلُ قَصِيْرٌ

سردست نکرہ کا معنی : کوئی، کچھ، ایک سے لگانے کی ضرورت نہیں۔

اَلْقُرْاٰنُ كِتَابٌ	الكتاب مبارك	الرُّمَّانُ طرِيٌّ	الماء بائت
الضيف جائع	الكلب عاطشٌ	اَلْاَبُ كَاتِبٌ	اَلْعَمُّ مُهَنْدِسٌ
	اَلْوَرْدُ جَمِيْلٌ	اَلْقِرْدُ قَبِيْحٌ	

عربی بناؤ!

پانی تازہ ہے	کتاب آسان ہے	انار میٹھا ہے	سُوال مشکل ہے
پودا تر و تازہ ہے	قرآن بابرکت ہے	انگور کھٹا ہے	سبزی باسی ہے
پانی تازہ ہے	کھانا باسی ہے	جواب آسان ہے	کتاب سخت ہے
کیلا میٹھا ہے	انار تازہ ہے	سیب تازہ ہے	پانی باسی ہے

گلاب تر و تازہ ہے

درس (٤)

هٰذَا مِفْتَاحٌ — هٰذَا وَرْدٌ — هذا قَفَصٌ — هٰذَا مِنْظَارٌ

هذا رُمَّانٌ — هٰذَا اَصِيصٌ — هٰذَا مِصْبَاحٌ — هٰذَا وَرْدٌ

ذٰلِكَ رُمَّانٌ — هٰذَا لَوْحٌ — ذلك قَلَمٌ — ذٰلِكَ تُفَّاحٌ

هذا اِبْرِيْقٌ — ذلك قفصٌ — هذا دَرْسٌ — ذلك تَمْرِيْنٌ

هذا مِصْبَاحٌ — ذلك مِفْتَاحٌ

عربی بناؤ!

یہ کتاب ہے — وہ قلم ہے — یہ جگہ ہے — یہ سوال ہے — وہ جواب ہے

یہ عربی ہے — وہ ہندی ہے — وہ عربی ہے — یہ مشق ہے — یہ قرآن ہے

وہ حدیث ہے — یہ پودا ہے — وہ چراغ ہے — یہ تختی ہے — وہ انار ہے

وہ گملا ہے — وہ فارسی ہے — یہ گلاب ہے — یہ سیب ہے — یہ قلم ہے

وہ کتاب ہے

درس (٥)

هذه اريكة — هذه طاوِلةٌ — هذه ساعةٌ — هذه قلنسوةٌ — هذه درّاجةٌ

تِلْكَ اُسْطُوَانةٌ — تلك حقيبَةٌ — هٰذَا جَمَلٌ — تِلْكَ نَاقَةٌ — ذٰلِكَ مَوْزٌ

تِلْكَ سَاعَةٌ — هٰذِهٖ قَلَنْسُوَةٌ — تِلْكَ قُبَّعَةٌ — هَذَا طَعَامٌ — ذلك مَاءٌ

هٰذِهٖ دَرّاجَةٌ — تِلْكَ طَاوِلَةٌ — هٰذَا مِقْرَاضٌ — تِلْكَ اَرِيْكَةٌ — هٰذه حَقِيْبَةٌ

تِلْكَ مِحْفَظَةٌ

عربی بناؤ!

یہ توپ ہے | وہ ٹوپی ہے | یہ گھڑی ہے | وہ میز ہے | یہ صوفہ ہے
وہ گھڑی ہے | یہ اونٹنی ہے | وہ اونٹ ہے | یہ گملا ہے | وہ پودا ہے
یہ بیگ ہے | وہ ظلمت ہے | وہ سائیکل ہے | یہ چراغ ہے | وہ طاق ہے
یہ گھڑی ہے | وہ ٹوپی ہے | وہ صوفہ ہے | یہ سوٹ کیس ہے | یہ چابی ہے
وہ ستون ہے

درس (٦)

مَنْ هٰذَا؟ هٰذا وَلَدٌ | مَنْ هٰذِهٖ؟ هٰذِهٖ بِنْتٌ
مَنْ ذٰلِكَ؟ ذٰلِكَ رَجُلٌ | مَنْ تِلْكَ؟ تِلْكَ اِمْرَأَةٌ
مَا هَذَا؟ هٰذَا غُرَابٌ | مَا ذٰلِكَ؟ ذٰلِكَ حِمَارٌ
مَا هٰذِهٖ هِذهٖ نَاقَةٌ | مَا هٰذَا؟ هٰذَا شَجَرٌ
مَا هٰذِهٖ؟ هذِهٖ ساعَةٌ | مَا تلك؟ تِلْكَ دَرّاجَةٌ
مَنْ هَذَا؟ هٰذَا رَجُلٌ | مَا هٰذَا؟ هٰذَا يَقْطِيْنٌ
مَا ذٰلِكَ؟ ذٰلِكَ خُبْزٌ

اسئلة

مَنْ هذا؟ | مَنْ هذه؟ | مَنْ ذَلك؟ | من تلك؟ | ماهذا؟
ماذلك؟ | ماهذه؟ | ماهذا؟ | ماتلك؟ | مَنْ ذُلك؟

عربی بناؤ

یہ کون ہے؟ یہ مرد ہے۔ | وہ کون ہے؟ وہ عورت ہے۔

وہ کون ہے؟	وہ لڑکا ہے	یہ کیا ہے؟	یہ گدھا ہے۔
وہ کیا ہے؟	وہ اونٹنی ہے۔	یہ کیا ہے؟	یہ ٹوپ ہے۔
وہ کیا ہے؟	وہ سنترہ ہے۔	وہ کیا ہے؟	وہ کوّا ہے۔
یہ کون ہے؟	یہ لڑکی ہے۔	وہ کون ہے؟	وہ لڑکا ہے۔
یہ کیا ہے؟	یہ کدو (لوکی) ہے۔	وہ کیا ہے؟	وہ سلفچی (طست) ہے۔

درس (۷)

هٰذَا الْكَلْبُ	هٰذَا كَلْبٌ	ذٰلِكَ الْكِتَابُ	ذٰلِكَ كِتَابٌ
هٰذِهِ النَّاقَةُ	هٰذِهٖ نَاقَةٌ	تِلْكَ الْكَلْبَةُ	تِلْكَ كَلْبَةٌ
هٰذَا الْقِطُّ	هٰذَا قِطٌّ	تِلْكَ الْقِطَّةُ	تِلْكَ قِطَّةٌ
هٰذَا الْفَرَسُ	هٰذَا حِمَارٌ	ذٰلِكَ الْفِيْلُ	ذٰلِكَ جَمَلٌ
هٰذِهِ الشَّاةُ	هٰذَا ضَأْنٌ	هٰذَا الْأَثْلُ	ذٰلِكَ سِدْرٌ
هٰذِهِ الْبَقَرَةُ	ذٰلِكَ عِجْلٌ	هٰذِهٖ كُرَّاسَةٌ	ذٰلِكَ يَرَاعٌ
هٰذَا وَلَدٌ	هٰذَا صَغِيْرٌ	ذٰلِكَ رَجُلٌ	ذٰلِكَ كَبِيْرٌ
هٰذِهٖ بِنْتٌ	هٰذِهٖ صَغِيْرَةٌ	تِلْكَ اِمْرَأَةٌ	تِلْكَ كَبِيْرَةٌ

هٰذَا الْكَلْبُ كَبِيْرٌ

تِلْكَ الْقِطَّةُ صَغِيرَة

عربی بناؤ!

یہ بلّا	یہ لوٹا ہے۔	یہ بلّا بڑا ہے۔
وہ لڑکا	وہ لڑکا ہے۔	وہ لڑکا چھوٹا ہے۔
یہ لڑکی	یہ لڑکی ہے۔	یہ لڑکی طالبہ ہے۔

وہ مرد	وہ مرد ہے۔	وہ مرد کھلاڑی ہے۔

یہ لڑکا کون ہے؟	یہ لڑکا طالب علم ہے۔
وہ مرد کون ہے؟	وہ مرد مسلم ہے۔
یہ کیا ہے؟	یہ جھاؤ (کا درخت) ہے

درس (۸)

اَنَا اَبٌ	اَنْتَ اِبْنٌ	اَنَا جَدٌّ	اَنْتَ حَفِيْدٌ
اَنَا بِنْتٌ	اَنْتِ اُمٌّ	اَنَا حَفِيْدَةٌ	اَنْتِ جَدَّةٌ

مَنْ اَنْتَ؟	اَنَا سَعْدٌ.
وَاَنْتَ؟	اَنَا حَمِيْدٌ.
هَلْ اَنْتَ طَالِبٌ؟	نَعَمْ اَنَا طَالِبٌ.
هَلْ اَنْتَ عَرَبِيٌّ؟	لَا، اَنَا هِنْدِيٌّ لَا عَرَبِيٌّ.
مَنْ هٰذَا؟	هٰذَا طَالِبٌ اَيْضًا.
هَلْ ذٰلِكَ طَالِب؟	لَا، ذٰلِكَ لَاعِبٌ لَا طَالِبٌ.
مَنْ اَنْتِ؟	اَنَا خَدِيْجَةُ.
هَلْ اَنْتِ طَالِبَةٌ؟	نَعَمْ اَنَا طَالِبَةٌ.
هَلْ اَنْتِ هِنْدِيَّةٌ؟	لَا، اَنَا بَاكِسْتَانِيَّةٌ.
مَنْ هٰذِهٖ؟	هٰذِهٖ سَلْمٰى.
أَنَا طَالِبٌ، لَا لَاعِبٌ.	أَنْتَ عَرَبِيٌّ، لَا فَارِسِيٌّ.
اَنَا طَالِبَةٌ، لَا لَاعِبَةٌ.	اَنْتِ فَارِسِيَّةٌ، لَا هِنْدِيَّةٌ.

عربی بناؤ!

تو کون ہے؟	میں عالم ہوں۔	یہ کیا ہے؟	یہ گھوڑا ہے۔
وہ کون ہے؟	وہ طبیب ہے۔	وہ کیا ہے؟	وہ ہاتھی ہے۔
تو کون ہے؟	میں عالمہ ہوں۔	وہ کیا ہے؟	وہ کُتیا ہے۔
یہ کون ہے؟	یہ حافظہ ہے۔	یہ کیا ہے؟	یہ بلّی ہے۔
کیا یہ سنترہ ہے؟	جی نہیں! یہ سیب ہے سنترہ نہیں۔	کیا وہ طشت (سلفچی) ہے؟	جی ہاں!

درس (۹)

مِنَ اللهِ	لله	مِنَ الْبَيْتِ	اِلَى الْكِتَابِ	فِي الْمَاءِ
لِلْوَلَدِ	لِلْبِنْتِ	مِنَ الْحَدِيْقَةِ	لِلْمُؤْمِنِ	فِي الْاَرْضِ
عَلَى السَّمَاءِ	عَلَى الطَّاوِلَةِ	اِلَى الْجَامِعَةِ	فِي اللَّبَنِ	فِي الْقِدْرِ
		فِي الْجَيْبِ		

كَالْاَسَدِ / الْقَمَرِ		عَلِيٌّ كَالْاَسَدِ
على الفرس / الجملِ		اَلْعَسْكَرِيُّ على الْفرسِ
فِي الْكاس / فِي الْاِبْرِيْقِ		اَللَّبَنُ فى الْكاس
عَلَى الشَّجَرِ / الجدارِ		اَلْحَمَامُ على الْشَّجَرِ
عَلَى الْجِدَارِ / السَّقْفِ		اَلْغُرَابُ عَلى الجدار
فِي الدَّلْوِ / الكاس		الماء فى الدَّلْوِ
فى الْقُفْلِ / الجيب		اَلْمِفْتَاحُ فِي الْقفل
اَلْمَاءُ فِي الْاِبْرِيْقِ	اَلْبَبْغَاءُ فِي الْقَفَصِ	اَلطَّائِرُ عَلَى الْشَّجَرِ
اَلْكِتَابُ عَلَى الطَّاوِلَةِ	اَلْعِزَّةُ لِلْمُؤْمِنِ	اَلْفَوْزُ لِلْمُجْتَهِدِ

ملاحظة: كَالْاَسَدِ/ الْقَمَرِ جیسے کلمات کا ترجمہ اس طرح کریں: كَالْاَسَدِ (شیر کی طرح) كَالْقَمَرِ (چاند کی طرح)۔

عربی بناؤ

رسول کے لئے	وضو کے لئے	زمین پر	مکتب میں
گھر میں	گھر سے	گھر تک	ہاتھی پر
میز پر	قرآن میں	حدیث میں	کرسی پر

اول سے آخر تک	گھر سے مدرسہ تک
کوفہ سے بصرہ تک	چھوٹے سے بڑے تک
چراغ طاق میں ہے۔	پرندہ پنجرے میں ہے۔
لڑکا کرسی پر ہے۔	کرسی زمین پر ہے۔
پودا گملے میں ہے۔	گملا زمین پر ہے۔
عزت عالم کے لئے ہے۔	آدمی گھوڑے پر ہے۔
کامیابی اللہ کی جانب سے ہے۔	علم، عمل کے لئے ہے۔

درس (۱۰)

اَیْنَ الْمِصْبَاحُ؟	اَلْمِصْبَاحُ فِي الْمِشْكٰوةِ.
اَیْنَ السَّمَكُ؟	السَّمَكُ فِي الْمَاءِ.
اَیْنَ الطَّائِرُ؟	اَلطَّائِرُ عَلَى الشَّجَرِ.
اَیْنَ الْمَرْأَةُ؟	اَلْمَرْأَةُ فِي الْبَيْتِ.
كَيْفَ الْبَيْتُ؟	اَلْبَيْتُ وَاسِعٌ.
لِمَنِ الْعِزَّةُ؟	اَلْعِزَّةُ لِلْمُؤْمِنِ.
لِمَنِ الْفَوْزُ؟	السَّلَّةُ عَلَى الْاَرْضِ.

كَيْفَ الْاَرِيْكَةُ؟	اَلْاَرِيْكَةُ جَمِيْلَةٌ.
لِمَنِ الْاَرِيْكَةُ؟	الْاَرِيْكَةُ لِسَعِيْدٍ.
السَّمَكُ فِي الْمَاءِ	فِي الْكَاسِ مَاءٌ
كَيْفَ الْمَاءُ؟	اَلْمَاءُ قَرَاحٌ
وَ كَيْفَ السَّمَكُ؟	السَّمَكُ جَمِيْلٌ

اسئلة

اين الببغاء؟	كيف القفص؟	اين الطائر؟
اين الشجر؟	كَيفَ الطائر؟	كيف الاريكة؟

عربی بناؤ!

لڑکی کہاں ہے؟	لڑکی گھر میں ہے۔
گھر کیسا ہے؟	گھر خوبصورت ہے۔
پنجرہ کیسا ہے؟	پنجرہ کشادہ ہے۔
پانی کیسا ہے؟	پانی صاف ہے۔
گھڑی کیسی ہے؟	گھڑی خوبصورت ہے۔
لڑکی کہاں ہے؟	لڑکی کرسی پر ہے۔
کرسی کہاں ہے؟	کرسی زمین پر ہے۔
کامیابی کس کے لئے ہے؟	کامیابی مسلم کے لئے ہے۔
ٹوپی کیسی ہے؟	ٹوپی خوبصورت ہے۔

پانی میں مچھلی ہے۔   پانی گلاس میں ہے۔   جگ میں پانی ہے۔

درس (١١) تمرینی

أَيْنَ الْغُرَابُ؟	اَلْغُرَابُ على الْجِدَار.
مَا عَلَى الْجِدَارِ؟	عَلَى الْجِدَارِ غُرَابٌ.
أَيْنَ السَّمَكُ؟	السمك فی الماء.
مَا فی الْمَاءِ؟	فی الْمَاءِ سَمَكٌ.
مَا عَلَى الْاَرْضِ؟	عَلى الْاَرْضِ اَصِيْصٌ.
مَنْ عَلَى الْكُرْسِيِّ؟	عَلَى الْكُرْسِيِّ أُسْتَاذٌ.
هَلِ الْأُسْتَاذُ عَلَى الْكُرْسِيِّ؟	نَعَمْ اَلْأُسْتَاذُ على الْكُرْسِيِّ.
هَلِ الْغُرَابُ عَلَى الشَّجَرِ؟	لا، اَلْغُرَابُ على الْجِدَارِ.
هَلِ الزَّهَرُ عَلَى الشَّجَرِ؟	نَعَمْ، الزَّهَرُ عَلى الشَّجَرِ؟

اسئلة

أين الغراب؟ ما على الجدار؟ ما على الشجر؟

أين الطائر؟ أين الأصيص؟ ما على الأرض؟

أين الرجل؟ من على الكرسی؟ ما فی الماء؟

هل السمك فی الماء؟ هل الطائر على الشجر؟

عربی بناؤ!

کتّا کہاں ہے؟	کتا باغ میں ہے۔
کیا کتا باغ میں ہے؟	جی ہاں! کتا باغ میں ہے۔
باغ میں کیا ہے؟	باغ میں کُتّا ہے۔
گھر میں کون ہے؟	گھر میں مرد ہے۔

گھر میں کیا ہے؟	گھر میں بلّی ہے۔
کیا بکری گھر میں ہے؟	جی ہاں! بکری گھر میں ہے۔
کیا بِلّا دکان میں ہے؟	جی نہیں! بِلّا گھر میں ہے۔
کیا لڑکا محنتی ہے؟	جی ہاں! لڑکا محنتی ہے۔
کرسی پر کون ہے؟	کرسی پر لڑکا ہے۔
کیا پھول خوبصورت ہے؟	ہاں پھول خوبصورت ہے۔
پھول کیسا ہے؟	پھول خوبصورت ہے۔

درس (۱۲)

اَلْاُسْتَاذُ عَلَى الْكُرْسِيِّ.	اَلْاُسْتَاذُ جَالِسٌ عَلَى الْكُرْسِي.
اَلتِّلْمِيْذُ عَلَى الْاَرْضِ.	اَلتِّلْمِيْذُ قَائِمٌ على الأرضِ.
الرَّجُلُ على الشَّارِعِ.	الرَّجُلُ وَاقِفٌ عَلَى الشَّارِعِ.

اَلْحَافِلَةُ	واقِفَةٌ	عَلَى الشَّارِعِ
اَلْبِنْتُ	قَائِمَةٌ	على الْاَرْضِ
اَلْمُعَلِّمَةُ	جَالِسَةٌ	على الْكُرْسِيِّ
اَلْوَلَدُ	مُشْتَغِلٌ	بِالْقِرَاءَةِ
اَلْبِنْتُ	مُشْتَغِلَةٌ	بِالْكِتَابَةِ
اَللَّاعِبُ	مُشْتَغِلٌ	بِاللَّعِبِ
اَلطَّالِبُ	مُشْتَغِلٌ	بِالْقِرَاءَةِ وَالْكِتَابَةِ.

اَلْعِلْمُ كَالْبَحْرِ وَاسِعٌ عَمِيْقٌ.

اَلْعَالِمُ رَحْمَةٌ لِّلْعَالَمِ.

اسئلة

این الاستاذ؟ — من علی الکرسی؟ — من جالس علی الکرسی؟

من علی الارض؟ — من قائم علی الأرض؟ — هل الرجل واقف علی الشارع؟

عربی بناؤ!

عزت اللہ کے لئے ہے۔ — حمد اللہ کے لئے ہے۔

حمد اللہ کے لئے ثابت ہے۔ — صحت انسان کے لئے نعمت ہے۔

کوشش (سَعْیٌ) کامیابی کے لئے لازم ہے۔ — لڑکا روڈ پر ٹھہرا ہوا ہے۔

مرد زمین پر کھڑا ہے۔ — طالبہ پڑھنے لکھنے میں مشغول ہے۔

پرندہ درخت پر بیٹھا ہے۔ — گھوڑا باغ میں ہے۔

کوّا دیوار پر بیٹھا (ہوا) ہے۔ — قرآن انسان کے لئے ہدایت ہے۔

عمل عالم کے لئے ضروری ہے۔ — علم مسلم کے لئے واجب ہے۔

کامیابی کوشش میں ہے۔ — کُتّا چھت پر بیٹھا ہے۔

درس (١٣)

هٰذَا قَمِيْصٌ وَّهُوَ اَبْيَضُ. — هٰذَا الْقَمِيْصُ ثَمِيْنٌ وَّهُوَ اَبْيَضُ لَا اَسْوَدُ.

هٰذَا لَوْحٌ وَّهُوَ اَسْوَدُ. — هٰذَا اللَّوْحُ صَغِيْرٌ وَّهُوَ اَسْوَدُ لَا اَبْيَضُ.

ذٰلِكَ بُرْتُقَالٌ وَّهُوَ اَصْفَرُ. — ذٰلِكَ الْبُرْتُقَالُ رَخِيْصٌ وَّهُوَ اَصْفَرُ لَا اَحْمَرُ.

هٰذِهِ الْقَلَنْسُوَةُ ثَمِيْنَةٌ. — هٰذِهٖ قَلَنْسُوَةٌ وَّهِيَ ثَمِيْنَةٌ.

تِلْكَ الْقُبَّعَةُ رَخِيْصَةٌ. — تِلْكَ قُبَّعَةٌ وَّهِيَ رَخِيْصَةٌ.

هٰذَا حَجَرٌ وَهُوَ اَسْوَدُ — ذٰلِكَ ثَوْبٌ وَهُوَ اَحْمَرُ.

اسئلة

ماهذا؟	كيف القميص؟	هل القميص ثمين؟
كيف اللوح؟	ماذلك؟	كيف البرتقال؟
ماهذه؟	كيف القلنسوة؟	كيف القبّعة؟

عربی بناؤ!

یہ بلی ہے	اور وہ سفید ہے۔	یہ بلی بڑی ہے اور وہ کالی ہے۔
یہ گھوڑا ہے	اور وہ قیمتی ہے۔	یہ گھوڑا بڑا ہے اور وہ قیمتی ہے۔
یہ قلم ہے۔	یہ قلم سستا ہے۔	یہ قلم سستا ہے مہنگا نہیں۔
یہ پرندہ ہے۔	اور وہ کالا ہے۔	یہ پرند کالا ہے اور وہ کوا ہے۔

وہ کیلا ہے اور وہ کیلا پیلا ہے۔	یہ سائیکل ہے اور وہ سستی ہے۔
وہ گھڑی ہے اور وہ قیمتی ہے۔	یہ نیزے کا قلم ہے اور وہ لمبا ہے۔
یہ بالٹی ہے اور وہ چھوٹی ہے۔	یہ بندر ہے اور وہ بد صورت ہے۔
یہ روٹی ہے اور وہ خشک ہے۔	یہ رسّی ہے اور وہ لمبی ہے۔

درس (١٤) تمرینی

مَاهذا؟

هٰذَا رَسْمٌ وَّ هُوَ جَمِيْلٌ. مَا فِي الرّسْمِ؟ فِي الرَّسْمِ بَيْتٌ وَّ شَجَرٌ وَّ مِحْفَظَةٌ. كَيْفَ الْبَيْتُ؟ اَلْبَيْتُ وَاسِعٌ جَمِيْلٌ جدًّا. مَا عَلَى الشَّجَرِ؟ عَلَى الشَّجَرِ طَائِرٌ وَّ هُوَ حَمَامٌ. أهٰذَا الْحَيَوَانُ فَرَسٌ؟ لَا، هٰذَا الْحَيَوانُ بَغْلٌ لَا فَرَسٌ. مَافِي الْمِحفظة؟ فِي المحفظة قَلَمٌ وَّ كُرَّاسَةٌ وَّ مِحْبَرٌ. مَا فِي المِحْبَرِ؟ فى الْمِحْبَرِ حِبْرٌ وَّ هُوَ أَسْوَدُ. لِمَنِ الْمِحْبَرُ؟ اَلْمِحْبَرُ لِشَاهِدٍ وَّ هُوَ طَالِبٌ. لِمَنْ تِلْكَ الْمِحفظة؟ تِلْكَ الْمِحْفَظَةُ لِهٰذِهِ الْبِنْتِ وَ هِيَ جَالِسَةٌ عَلَى الْاَرِيْكَةِ. اَلْكُرسِيُّ عَلَى الْاَرْضِ.

ملاحظة: وَهِيَ جَالِسَةٌ على الارِيْكة/ الكرسِيّ/ الارْضِ، اس طرح کے جملوں کا ترجمہ اس طرح کرایا جائے۔ "وَهِيَ جَالِسَةٌ على الارِيْكة "اور وہ صوفہ پر بیٹھی ہے۔ "وَهِيَ جَالِسَةٌ على الكرسِيّ " اور وہ کرسی پر بیٹھی ہے "وَهِيَ جَالِسَةٌ على الارْضِ "اور وہ زمین پر بیٹھی ہے۔

اسئلة

كيف الرسم؟ ما في الرسم؟ أهذه كراسة؟

كيف الكراسة؟ لمن تلك المحفظة؟

عربی بناؤ!

یہ کیا ہے؟	یہ پنجرہ ہے۔
پنجرے میں کیا ہے؟	پنجرے میں طوطا ہے۔
یہ گھڑی کس کی ہے؟	یہ گھڑی اس لڑکے کی ہے۔
کیا گھڑی قیمتی ہے؟	جی ہاں! گھڑی قیمتی ہے۔
وہ کیا ہے؟	وہ گملا ہے۔
گملے میں کیا ہے؟	گملے میں پودا ہے اور وہ بڑا ہے۔
کیا اس تصویر میں انار، سنترہ اور کیلا ہے۔؟	جی نہیں! اس تصویر میں سیب، انگور اور گلاب ہے۔
کرسی پر کون بیٹھا ہے؟	کرسی پر استاد بیٹھا ہے۔
شاہد کہاں ہے؟	وہ سڑک پر ہے اور وہ کھڑا ہے۔

درس (١٥)

كَشَّافُ الضَّوْءِ

مَاءٌ بَحْرٌ مَاءُ الْبَحْرِ

صَوْتٌ	كَلْبٌ	صَوْتُ الْكَلْبِ
سَرْجٌ	فَرَسٌ	سَرْجُ الْفَرَسِ
خُرْطُومٌ	فِيْلٌ	خُرْطُوْمُ الْفِيْلِ
عُنُقٌ	جَمَلٌ	عُنُقُ الْجَمَلِ
بَحْرٌ	هِنْدٌ	بَحْرُ الْهِنْدِ
صَوْتٌ	حِمَارٌ	صَوْتُ الْحِمَارِ

لَوْنُ الْبقر أبيض/ اسود/ اصفر.

طالب المدرسة نظيفٌ ذَكِيٌّ.

طالبة الْكُتَّابِ، نظيفة ذكيّة.

ملاحظة: لَوْنُ الْبَقَرِ اَبْيَضُ / اَسْوَدُ/ اَصْفَرُ اس طرح کے جملوں کا ترجمہ اس طرح کریں: گائے کا رنگ سفید ہے/ گائے کا رنگ کالا ہے/ گائے کا رنگ پیلا ہے۔

لَوْنُ الْقَلَنْسُوَةِ اَسْوَدُ.	لَوْنُ الْقُبَّعَةِ اَبْيَضُ.
عُنُقُ الْجَمَلِ طَوِيْلٌ.	شَجَرُ الرُّمَّانِ قَصِيْرٌ.
سَرْجُ الْفَرَسِ جَمِيْلٌ.	صوت الفرس صَهِيْلٌ.
قَلَمُ الْحِبْرِ قَصِيْرٌ.	قَلَمُ الرَّصَاصِ طَوِيْلٌ.
طَالِبُ الْكُتَّابِ مُجْتَهِدٌ.	لون البرتقال اصفر.
كُرَةُ الْقَدَمِ مُتَلَوِّنَةٌ.	اُسْطَوَانَةُ الْغَارِ قَصِيْرَةٌ.

اسئلة

مَالون التفاح؟ مالون الغراب؟ ماصوت الفرس؟

كيف سرج الفرس؟ كيف قلم الحبر؟

عربی بناؤ!

گھوڑے کا رنگ کیسا ہے؟

گھوڑے کا رنگ سفید ہے۔

انار کا رنگ سرخ ہے۔

بستے کا رنگ پیلا ہے۔

فونٹن پن قیمتی ہے۔

پنسل سستی ہے۔

خالد کی ٹوپی رنگین ہے۔

سعید کا شاگرد ناٹا ہے۔

ہاتھی کی سونڈ لمبی ہے۔

گلاب کا پودا چھوٹا ہے۔

طوطے کا پنجرہ خوبصورت ہے۔

مکتب کی طالبہ محنتی ہے۔

گیس سلنڈر بڑا ہے۔

فٹ بال چھوٹی ہے۔

اللہ کا گھر بابرکت ہے۔

فلسطین کا مسلمان مظلوم ہے۔

جامع قرطبہ کشادہ ہے۔

سبق کی تمرین آسان ہے۔

کتاب کا سبق سخت ہے۔

استاد کا ادب ضروری ہے۔

گائے کا تھن خوبصورت ہے۔

بندر کا چہرا (وجہ) بُرا ہے۔

درس (١٦)

دِيْنِيْ دِيْنُكَ دِيْنُه جَدِّيْ جَدُّكَ جَدُّه

صَوْتِيْ صَوْتُكِ صَوْتُهَا أُخْتِيْ أُخْتُكِ أُخْتُهَا

مَا اسْمُكَ يَا وَلَدُ؟ اِسْمِيْ عَمَّارٌ.

مَا اسْمُ جَدِّكَ ؟ اِسْمُه اِقْبَالٌ.

مَنْ رَّبُّكَ؟ رَبِّيَ اللهُ.

مَا دِيْنُكَ؟ دِيْنِيَ الْاِسْلَامُ.

مَنْ سَيِّدُنَا مُحَمَّدٌ ﷺ؟ هُوَ عَبْدُ اللهِ وَرَسُوْلُه ﷺ.

مَا اسْمُكِ يَا بِنْتُ؟ اِسْمِيْ خَدِيْجَةُ.

مَا اسْمُ أُمِّكِ؟ اِسْمُهَا زَيْنَبُ.

كَيْفَ حَالُكِ ؟ اَلْحَمْدُ لِلّٰهِ اَنَا بِخَيْرٍ.

أَدِيْنُكِ إِسْلَامٌ؟ — نَعَمْ دِيْنِي الْإِسْلَامُ.

مَا هِوايتُكِ؟ — هِوايتي الْقِرَاءَةُ.

مَا غِذَائُكِ؟ — غِذَائي لَحْمٌ وسمك.

عربی بناؤ!

(مذکر)

اس کا بندہ	میرا گھر	میرا نام	میرا باغ	میرا گھوڑا
میرا دادا	اس کا کُتّا	اس کی بلّی	اس کا گدھا	اس کا اونٹ
اس کی بولی	تیری آواز	تیری بہن	تیری ٹوپی	تیری کتاب
		تیری کتیا		

(مؤنث)

میرا رب	میرا گملا	میرا طوطا	میری بہن	میرا مکتب
تیری اونٹنی	تیری بکری	تیری بلّی	تیری کتاب	تیری تختی
اس کی استانی	اس کا نام	اس کا رب	اس کی گھڑی	تیرا نام

کیا اللہ زمین وآسمان کا خالق ہے؟ — جی ہاں! وہ زمین وآسمان کا خالق ہے۔

کیا سیدنا محمد ﷺ اللہ کے رسول ہیں؟ — جی ہاں وہ اللہ کے رسول ہیں۔

درس (۱۷)

أَهٰذَا الرَّجُلُ طَوِيْلٌ؟ — لَا، بَلْ هُوَ قَصِيْرٌ.

أَمِنْقَارُ الْبَبْغَاءِ أَحْمَرُ؟ — نَعَمْ، مِنْقَارُهٗ أَحْمَرُ.

أَسِتَارُ الْبَابِ مُتَلَوِّنٌ؟ — لَا، بَلْ هُوَ أَبْيَضُ.

أَعُنقُ الْجَمَلِ قَصِيْرٌ؟ — لَا، بَلْ هُوَ طَوِيْلٌ.

ألون الثَّوْرِ اَسْوَدُ؟ — لا، بَلْ لونه ابيض.

اسئلة

ألون الغراب ابيض؟

أستار الباب ابيض؟

أمنقار الببغاء اصفر؟

هل هذا برتقال؟

عربی بناؤ!

کیا یہ مرد ناٹا ہے؟ — جی نہیں! بلکہ وہ لمبا ہے۔

کیا وہ مرد پاکستانی ہے؟ — جی نہیں! بلکہ وہ بھارتی ہے۔

کیا دروازے کا پردہ سفید ہے؟ — جی نہیں! بلکہ وہ رنگین ہے۔

کیا یہ سبق مشکل ہے؟ — جی نہیں! بلکہ یہ آسان ہے۔

کیا یہ گلاب کالا ہے؟ — نہیں! بلکہ یہ گلاب سرخ ہے۔

کیا گھڑی قیمتی ہے؟ — نہیں! بلکہ یہ گھڑی سستی ہے۔

کیا یہ ٹوپی کالی ہے؟ — نہیں! بلکہ یہ ٹوپی سفید ہے۔

کیا تیرا نام عابد ہے؟ — جی نہیں! میرا نام شاہد ہے۔

کیا عزت کافر کے لئے ہے؟ — نہیں! بلکہ یہ انار (کا درخت) ہے۔

درس (۱۸)

هَلِ اللهُ اَحَدٌ؟ — نَعَمْ، اَللهُ اَحَدٌ.

أَمَتَاعُ الدُّنْيَا كَثِيْرٌ؟ — لا، مَتَاعُ الدُّنْيَا لَيْسَ بِكَثِيْرٍ.

هَلِ الْمُسْلِمُ طَاهِرٌ؟ — نَعَمْ، اَلْمُسْلِمُ طَاهِرٌ.

هَلِ الْمُشْرِكُ طَاهِرٌ؟	لَا، اَلْمُشْرِكُ لَيْسَ بِطَاهِرٍ.
أَهٰذَا الْمَاءُ عَذْبٌ؟	نَعَمْ، هٰذَا الْمَاءُ عَذْبٌ.
أَهٰذَا الْقِطَارُ سَرِيْعٌ؟	نعم، هذا القطار سريع.
أَهٰذَا الْجَبَلُ شَامِخٌ؟	لَا، هٰذَا الْجَبَلُ لَيْسَ بِشَامِخٍ.
أَذٰلِكَ الطِّفْلُ عَاطِشٌ؟	نَعَمْ، ذٰلِكَ الطِّفْلُ عَاطِشٌ.
اَللّٰهُ خَبِيْرٌ.	اللّٰهُ لَيْسَ بِغَافِلٍ.
مَتَاعُ الدُّنْيَا قَلِيْلٌ.	مَتَاعُ الدنيا لَيْسَ بِكَثِيْرٍ.
اَلْمُشْرِكُ نَجِسٌ.	اَلْمُشْرِكُ لَيْسَ بِطَاهِرٍ.
مَاءُ الْبَحْرِ مِلْحٌ.	مَاءُ الْبَحْرِ لَيْسَ بِعَذْبٍ.
اَلْمُسْلِمُ طَاهِرٌ.	اَلْمُسْلِمُ لَيْسَ بِنَجِسٍ.

عربی بناؤ!

اسلام حق ہے۔	اسلام باطل نہیں ہے۔	کافر پاک نہیں ہے۔
لیموں کھٹّا ہے۔	لیموں میٹھا نہیں ہے۔	انگور کھٹا نہیں ہے۔
سلطان عادل ہے۔	مسلمان ظالم نہیں ہے۔	خازن خائن نہیں ہے۔
کھانا زیادہ ہے۔	کھانا کم نہیں ہے۔	سبق مشکل نہیں ہے۔
تو پست قد ہے۔	میں لمبا نہیں ہوں۔	میں ناٹا نہیں ہوں۔
کتّا فربہ ہے۔	بلی دُبلی نہیں ہے۔	مریم حافظہ نہیں ہے۔

یہ موٹر کار (سَيَّارَةٌ) فاسٹ ہے۔ وہ ٹرین فاسٹ ہے۔

ملاحظة: مؤنث کے لئے بجائے لَيْسَ، لَيْسَتْ استعمال کریں۔

درس (۱۹)

اَىُّ شَیْءٍ؟	كُلُّ شَیْءٍ.
أَیُّ شُغْلٍ؟	كُلُّ شُغْلٍ.

اَیُّ فَصْلٍ مُعْتَدِلٌ؟	فَصْلُ الرَّبِیْعِ مُعْتَدِلٌ.
اَیُّ فَصْلٍ حَارٌّ؟	فَصْلُ الصَّیْفِ حَارٌّ.
اَیُّ فَصْلٍ بَارِدٌ؟	فصل الشِّتَاءِ بارد.
اَیُّ شغلٍ مُفِیْدٌ؟	شغل الدِّیْنِ مُفِیْدٌ.
اَیْنَ عَبْدُ الْوَهَّابِ؟	هو فِیْ شُغْلٍ، شَاغِلٌ؟
هٰذِهِ الْحَدِیْقَةُ لِاَیِّ رَجُلٍ؟	هٰذِهِ الْحَدِیْقَةُ لِسَعِیْدٍ.
أَیُّ حَیَوَانٍ نَابِحٌ/ صَاهِلٌ/ نَاهِقٌ؟	هُوَ الْكَلْبُ/ الْفَرَسُ/ الْحِمَارُ.
مَا الْحِمَارُ؟	هُوَ حَیَوَانٌ نَاهِقٌ.

اسئلة

أَیّ طائر أسود؟ أَیّ دین حَقٌّ؟ أی علم مفید؟

هٰذا الكتاب لِاَیِّ طَالِبٍ؟ ذٰلِكَ الولد فی أی شغل؟ أفصل الربیع معتدل؟

تلك البنت فی ای شغل شاغلة؟

عربی بناؤ!

کونسی کتاب آسان ہے؟	مفتاح العربیہ آسان ہے۔
کونسا پرندہ خوبصورت ہے؟	مور (طاؤس) خوبصورت ہے۔

کونسا علم فائدہ مند ہے؟ — علم دین فائدہ مند ہے۔

کونسا دین حق ہے؟ — دین اسلام حق ہے۔

کونسا متعلم محنتی ہے؟ — یہ متعلم محنتی ہے۔

کونسی متعلمہ محنتی ہے؟ — وہ متعلمہ محنتی ہے۔

کیا موسمِ بہار، خوشگوار ہے؟ — جی ہاں! موسم بہار خوش گوار ہے۔

خالد کی لڑکی کس کام میں مشغول ہے؟ — وہ پڑھنے لکھنے میں مشغول ہے۔

یہ فونٹن پن کس کا ہے؟ — یہ عاقل کا ہے۔

درس(٢٠)

أَكُلُّ وَلَدٍ هَزِيْلٌ؟ — لَا، كُلُّ ولد لَيْسَ بِهَزِيْلٍ.

أكل رجل سَمِيْنٌ؟ — لا، كل رجل ليس بِسَمِيْنٍ.

أكل تلميذ وَفِيٌّ؟ — لا، كُلُّ تِلْمِيذٍ لَيْسَ بِوفِيٍّ.

أَكُلُّ دَرْسٍ سَهلٌ. — لا، كل درس ليس بسهل.

أكل شُغْلٍ صَعْبٌ؟ — لا، كل شُغْلٍ لَيْسَ بصعبٍ.

أكل طَالِبٍ أَنُوفٌ؟ — لا، كل طالبٍ لَيْسَ بِأَنُوفٍ.

كُلُّ وَلَدٍ لَيْسَ بِهَزِيْلٍ. — كُلُّ رَجُلٍ لَيْسَ بِسَمِيْنٍ.

كُلُّ شَيْءٍ لَيْسَ بِرَخِيْصٍ. — كُلُّ شيء لَيْسَ بِثَمِيْنٍ.

اسئلة

أكل ماء قَرَاح؟ — أكل حيوان وفيٌّ؟ — أكل ولد سمين؟

أكل تفاح حُلوٌ؟ — أكل تمرين صعب؟ — أكل دين حقٌّ؟

أكل ولد مجتهد؟ — أكل شغل سهل؟

عربی بناؤ!

کیا ہر خازن خائن ہے؟
نہیں! ہر خازن خائن نہیں۔

کیا ہر لڑکا باادب ہے (مُهَذَّبٌ)؟
نہیں! ہر لڑکا باادب نہیں۔

کیا ہر مسلمان صالح ہے؟
کیا ہر تصویر خوبصورت ہے؟

ہر کام آسان نہیں۔
ہر متعلّم وفادار نہیں۔

ہر طالب علم محنتی نہیں۔
یہ طالب علم محنتی ہے۔

ہر دیوار لمبی نہیں۔
وہ دیوار لمبی ہے۔

درس (۲۱)

فُضَيل: اَلسَّلَامُ عَلَيْكَ يَا جُنَيْدُ!

جُنَيْد: وَعَلَيْكَ السَّلَامُ يَا فُضَيْلُ!

فُضَيل: كَيْفَ أَنْتَ؟

جنيد: الحمد لله، اَنَا بِخَيْرٍ.

فضيل: كَيْفَ حَالُ وَالِدِكَ؟

جنيد: هُوَ بِخَيْرٍ اَيْضًا

فضيل: اِلٰى اَيْنَ ذَاهِبٌ اَنْتَ؟

جنيد: اَنَا ذَاهِبٌ إِلَى الْمَسْجِدِ وَاَنْتَ؟

فضيل: اَنَا ذَاهِبٌ إِلَى الْمسجد اَيْضًا.

جنيد: لِمَاذَا اَنْتَ ذَاهِبٌ إِلَى الْمَسْجِدِ؟

فضيل: لِاَدَاءِ صَلٰوةِ الْعَصْرِ وَاَنْتَ؟

جنيد: اَنَا ذَاهِبٌ لِاَدَاءِ صَلٰوةِ الْعصر اَيْضًا.

فضيل: مَاذَا فِي يَدِكَ؟[1]

جنيد: هٰذَا كِتَابُ اللّٰهِ وَهُوَ مُبَارَكٌ.

عربی بناؤ!

یہ کتاب کس کی ہے؟	یہ کتاب میری ہے۔
اس کتاب کا نام کیا ہے؟	اس کا نام "مفتاح العربیہ" ہے۔
کیا تو مدرسہ جارہا ہے؟	جی ہاں! میں مدرسہ جارہا ہوں اور تو؟
میں بھی مدرسہ جارہا ہوں	میں مدرسے پڑھنے (کے لئے) جارہا ہوں۔
تو مسجد کیوں جارہا ہے؟	نماز عشاء ادا کرنے کے لئے۔
کیا ہر موسم خوش گوار ہے؟	جی نہیں ہر موسم خوش گوار نہیں ہے۔
وضو پر وضو نور علی نور ہے۔	

درس (۲۲)

هَاتِفٌ جَوَّالٌ

حَيَوانٌ	لَبُوْنٌ	حَيَوانٌ لَبُوْنٌ
طَائِرٌ	جَمِيْلٌ	طَائِرٌ جَمِيْلٌ
مَطَارٌ	رَائِعٌ	مَطَارٌ رَائِعٌ
سِتْرٌ	جَمِيْلٌ	سِتْرٌ جَمِيْلٌ
دَارِسٌ	إِسْلَامِيٌّ	دَارِسٌ إِسْلَامِيٌّ
بَقَرٌ	سَمِيْنٌ	بَقَرٌ سَمِيْنٌ

---

(1) یوں بھی کہہ سکتے ہیں: مَا بِيَدِكَ.

اَلْبَقَرُ / اَلْجَامُوْسُ، حیوان لَبُوْنٌ.

اَلْهُدْهُدُ، طَائِر جمیل، بدیعٌ.

خالدٌ، دارس اسلامیّ / قَوْمِیٌّ.

حَسَنٌ، ولد ذکیٌّ مُجْتَهِدٌ نظیف.

عاقل، ولد مجتهد وکل مجتهد محبوب وناجح وله عِزَّةٌ.

وسیم ولد کَسْلَانُ والولد الکسلان ساقط فی کل شُغلٍ.

اسئلة

أهذا ولد ذکی؟ أهذا الولد ذکی؟ هل الببغاء طائر جمیل؟

أأنت رجل هندیٌّ؟ ما الْكَلْبُ؟ أی ولد ناجح؟

أی ولد ساقط؟

عربی بناؤ!

گرم کھانا	ٹھنڈا پانی	موٹی گائے	دُبلی بکری
گرم موسم	ٹھنڈا موسم	ذہین لڑکی	خوش گوار موسم
صاف پانی	سفید گائے	کالی بھینس	کشادہ گھر
وفادار کُتّا	مرد صالح	مسلم مرد	وفادار جانور

کتا وفادار جانور ہے۔ وفادار جانور محبوب ہے۔

یہ اسلامی ریسرچ اسکالر ہے۔ اسلامی رِیسرچ اسکالر ذہین ہے۔

محنتی شاگرد محبوب ہے۔ سست شاگرد مذموم ہے۔

یہ عجیب چیز ہے۔ ہر جدید (چیز) لذیذ ہے۔

خالد ایک محنتی لڑکا ہے اور اس کی گھر اور مدرسے میں عزت ہے۔
یہ طالب علم ذہین ہے اور وہ طالب علم کند ذہن (غبی) ہے۔

درس (۲۳)

وَلَدُكَ هٰذَا
حديثُك هذا صواب.
هٰذَا، كِتَابُك
هٰذَا، هُو كتابُك.
هٰذَا، قَمِيْصُكَ
هٰذَا، هُو قَمِيْصُكَ.
سَيْفُكَ حَدِيْدٌ
وَلَدُكَ الْكَبِيْرُ، صَالِحٌ.

هٰذَا، صَانِعُ الْهِنْدِ الْمَعْرُوْفُ
وَلَدُ الْعَالِمِ الصَّغِيْرُ، حَاضِرٌ.
وَالِدُ الْعَالِمِ الصَّالِحِ، صَالِحٌ.
هَذا التِّيْنُ لَذِيْذٌ جِدًّا.
اَلْاَبُ الْكَبِيْرُ لِهٰذَا الْوَلَدِ، غَائِبٌ
وَالْخَالُ الصَّغِيْرُ لَهُ حَاضِرٌ لَا غَائِبٌ.

اسئلة

كيف سَيفُك هذا؟ أهذا هو قميصك؟ كيف ولدك الكبير؟
أين ولدُ العالم الصغيرُ؟

ملاحظہ: اسی طرح مزید سوالات قائم کر کے ان کے جوابات زبانی بھی سنیں اور تحریر میں بھی طلب کریں۔

ملاحظة: ولدك هذا (تیرا یہ لڑکا) حديثك هذا، صواب (تیری یہ بات درست ہے) هذا، كتابُكَ (یہ تیری کتاب ہے) هٰذَا هُوَ كتابك (یہی تیری کتاب ہے)۔

عربی بناؤ!

آپ کی یہ لڑکی
یہ تیری تلوار ہے۔
عالم کا بڑا لڑکا نیک ہے۔
یہ انجیر ہے۔
یہ تیرا قلم ہے۔
یہ کتاب تیری ہے۔

آپ کی یہ لڑکی خوبصورت ہے۔
یہی میری تلوار ہے۔
میرے ماموں کا چھوٹا لڑکا غبی ہے۔
یہ بات (حدیث) درست ہے۔
یہی تیری کتاب ہے۔
نیک عورت کی لڑکی نیک ہے۔
ذہین مرد کا لڑکا ذہین ہے۔

یہ میرا اچھا ہے۔
یہ تلوار میری (لی) ہے۔
تیرے چچا کا نیا گھر خوبصورت ہے۔
یہی حق ہے۔
یہ تیری کتاب ہے۔
عالمہ کی چھوٹی لڑکی ذہین ہے۔

درس (٢٤) تمرینی

اَللِّقَاءُ علیٰ مَحَطَّةِ بَرِیْلی

ابراهيم: مَا اسْمُكَ يَا شَيْخ؟

اسماعيل: اسمی اِسْمٰعِيْلُ وَمَا اسْمُكَ يَا شَابّ؟

ابراهيم: اسمی ابراهيم. مِنْ اَيْنَ اَنْتَ قَادِمٌ يَا شَيْخ؟

اسماعيل: اَنَا قَادِمٌ مِّنْ دِلهی وانت يَاشَابّ؟

ابراهيم: انا قادم من لكناؤ.

اسماعيل: اَيْنَ بَيْتُكَ يَاشَابُّ؟

ابراهيم: بَيْتِيْ فِيْ حَيِّ سودا جران فِيْ شَارِعِ اعلیٰ حضرت. وَاَيْنَ بَيْتُكَ يَاشَيْخ؟

اسماعيل: بَيْتِيْ فِيْ حَيِّ الْقَلْعَةِ الْمَعْرُوْفِ.

ابرهيم: أَهُوَ قَرِيْبٌ من المعبَدِ الهِنْدُوكِيِّ؟

اسماعيل: لَا، بل هُوَ قريبٌ مِّنَ الْجَامِعِ.

اَللِّقَاءُ عَلٰی مَطَارِ دِلْهِیْ

امیر: اِلٰی این اَنْتَ مُسَافِرٌ؟

بشیر: اَنَا مُسَافِرٌ اِلٰی مَکَّةَ الْمُکَرَّمَةِ وانت؟

امیر: اَنَا مُسافِرٌ اِلٰی لَنْدَنَ.

بشیر: لِمَا ذَا اَنْتَ مُسَافِرٌ اِلٰی لَنْدَنَ؟

امیر: لِتَعَلُّمِ اللُّغَةِ الْاِنجِلِیْزِیَّةِ وَاَنْتَ؟

بشیر: لِاَدَاءِ فَرِیْضَةِ الحَجِّ.

عربی بناؤ!

خالد! آپ کا گھر کہاں ہے؟ — میرا گھر محلّہ جامعہ جامع مسجد روڈ پر ہے۔

آپ کہاں جارہے ہو؟ — میں بمبئی (ممبئی / مومبائی) جارہا ہوں۔

خلیل! تم کہاں سے آرہے ہو؟ — میں کانپور (کانفور / کانبور) سے آرہا ہوں۔

آپ کا نام خالد ہے؟ — جی ہاں! میں خالد ہوں۔

اے شیخ آپ کا نام کیا ہے؟ — میرا نام جلال الدین احمد ہے اور اے جوان!

تمھارا نام کیا ہے؟ — میرا نام حسّان ہے۔

تمھارے ہاتھ میں [ب / فی] کیا ہے؟ — یہ میری واسکٹ ہے۔

ملاحظہ: حسّان، بالحِس غیر منصرف، وبالحُسْن منصرف ہے۔

درس (۲۵)

اَلَیْسَ اللهُ بِعَلِیْمٍ؟ — بَلٰی! اللہ علیم بکل شَیْءٍ.

اَلَیْسَ الْکَلْبُ بِحَیَوانٍ وَفِیٍّ؟ — بَلٰی! اَلْکَلْبُ حَیَوَانٌ وَفِیٌّ.

أَلَيْسَ عَصِيْرُ الرُّمَّانِ بِمُفِيْدٍ؟ بَلٰى! عَصِيْرُ الرُّمَّانِ مُفِيْدٌ.

أَلَيْسَ هٰذَا الْوَلَدُ نَظِيْفٌ؟ بَلٰى! هٰذَا الْوَلَدُ نَظِيْفٌ.

أَلَيْسَتْ هٰذِهِ التِّلْمِيْذَةُ مُهَذَّبَةً. نَعَمْ، هٰذِهِ التِّلْمِيْذَةُ لَيْسَتْ بِمُهَذَّبَةٍ.

مَا هِوَايَتُكَ يَا حَمَّادُ!؟ هِوَايَتِي الْقِرَاءَةُ وَالْكِتَابَةُ.

مَا غِذَائُكَ الشَّهِيُّ؟ غِذَائِى الشَّهِي سَمَكٌ.

اسئلة

أليس القران بكتاب مبارك؟

أليس فصل الشتاء ببارد؟

أليس الببغاء بطائر جميل؟

أليس الفرس بحيوان صاهل؟

أليس الحمار بحيوان ناهق؟

أليس عصير التفاح بمفيد؟

أليست هذه المرأة بذكية؟

عربی بناؤ!

کیا اونٹ کی گردن لمبی نہیں؟ کیوں نہیں! اونٹ کی گردن لمبی ہے

کیا اللہ ہر چیز کا خالق نہیں؟ ہاں کیوں نہیں! اللہ ہر چیز کا خالق ہے۔

کیا گلاب خوبصورت نہیں؟ کیوں نہیں! گلاب خوبصورت ہے۔

کیا کیلا لذیذ نہیں؟ جی ہاں کیوں نہیں! کیلا لذیذ ہے۔

کیا اسلام دین حق نہیں؟ کیوں نہیں! اسلام دین حق ہے۔

کیا موسمِ بہار خوشگوار نہیں؟ کیوں نہیں! موسم بہار خوش گوار ہے۔

یہ بیری نہیں بلکہ وہ جھاؤ ہے۔ یہ کتّا نہیں بلکہ وہ لومڑی (ثعلب) ہے۔

اسحاق! تیرا محبوب مشغلہ کیا ہے؟ میرا محبوب مشغلہ تلاوت قرآن ہے۔

یہ اینٹ نہیں بلکہ یہ (وہ:هو) پتھر ہے۔

درس (٦٢) تمرینی

اَلْبَيْتُ الْحَرَامُ بِمَكَّةَ الْمُكَرَّمَةِ

هٰذا بَيْتٌ. هٰذا بَيْتٌ عَتِيْقٌ، عَتِيْقٌ جِدًّا. هٰذَا اَوّلُ بَيْتٍ فِي الْعَالَمِ. هٰذَا اَفْضَلُ بَيْتٍ مِّنْ كُلِّ بَيْتٍ، لَيْسَ كَمِثْلِهِ بَيْتٌ فِى الْعَرَبِ وَالْعَجَمِ. فِيْهِ حَجَرٌ مُبَارَكٌ وَلَوْنُهُ اَسْوَدُ وَعلى هٰذا البيتِ سِتْرٌ، سِتْرٌ جَمِيْلٌ وَلَه بابٌ، بَابٌ وَاسِعٌ رَائِعٌ. هٰذَا الْبَيْتُ مَشْهُوْرٌ بِاِسْمِ الْكَعْبَةِ. اَلْكَعْبَةُ قِبْلَةُ الصَّلٰوةِ وَهِىَ لِعِبَادِ اللهِ وَلَهَا مَنْزِلَةٌ رَفِيْعَةٌ. مِنِّى السَّلَامُ عَلَيْهَا وَعَلٰى مُحِبِّهَا وَزَائِرِهَا اِلٰى يَوْمِ الْجَزَاءِ.

اسئلة

مَا هٰذَا؟ — ایُّ بیت هٰذا؟ — أهو بيت عتيق؟

اَیُّ بیتٍ اَوّلُ؟ — اَیُّ بیت افضل؟

عربی بناؤ!

یہ پردہ ہے۔ — یہ پردہ خوبصورت ہے۔ — یہ خوبصورت پردہ ہے۔

یہ گھر ہے۔ — یہ گھر خوشنما ہے۔ — یہ خوشنما گھر ہے۔

یہ چائے ہے۔ — یہ چائے میٹھی ہے۔ — یہ میٹھی چائے ہے۔

یہ کھانا ہے۔ — یہ گرم کھانا ہے۔ — یہ کھانا گرم ہے۔

یہ لڑکی ہے۔ — یہ لڑکی باادب ہے۔ — یہ باادب لڑکی ہے۔

یہ جگ ہے اور اس میں ٹھنڈا پانی ہے۔ اس میں گرم پانی ہے۔

یہ کتاب برکت والی ہے اور اس کا نام قرآن ہے۔

یہ گھوڑا اِس مرد کا ہے اور اس کی زین بہت خوبصورت ہے۔

درس (٢٧)

مَنْ رَّبُّكَ؟

رَبِّيَ اللہ وھو خالقٌ، خالقُ الْاَرْضِ والسّمَاءِ بَلْ خَالِقُ كُلِ شیءٍ. لَہُ الْمُلْكُ وَلَہُ الْحَمْدُ، بِيَدِہِ الْخَيْرُ وَھَوَ علی كُلِّ شَیْءٍ قدير. لَيْسَ لَہ شَرِيْكٌ فِی الْمُلْكِ وَھُو مَالِكُ الْمُلْكِ. لَيْسَ كَمِثْلِہ شَیْءٌ وَّ ھُوَ السَّمِيْعُ الْبَصِيْرُ. كُلُّ اَحَدٍ اِلَيْہِ مُحْتَاجٌ وَّ لَيْسَ لَہ اِلیٰ اَحَدٍ اِحْتِيَاجٌ وَّ ھُوَ الْغَنِیُّ الْحَمِيْدُ. اللہُ رَبِّي وَاَنَا عَبْدُہ. اللہ رَبُّكَ وَاَنْتَ عَبْدُہ. اللہ رَبُّ كُلِّ شَیْءٍ وَھُوَ اِلٰہٌ وَاحِدٌ، لَيْسَ لَہ شَرِيْكٌ و ھُوَ مُحِيْطٌ بكلِّ كَافِرٍ وَ عَذَابُہ بكل كَافِرٍ مُلْحِقٌ. والْكَافِرُ عَنْہُ غَافِلٌ وَھُو مَحْرُوْم.

اسئلة

من خالق الأرض؟ — من خالق السماء؟ — أهو خالق كل شیء؟

لمن الملك؟ — لمن الحمد؟ أله شريك؟ — لمن الحمد؟

أله شريك؟ — مَنْ مَّالِكُ الْمُلْكِ؟ — هل الله ربك؟

أهو اله واحد؟

عربی بناؤ!

اللہ زمین و آسمان کا مالک ہے۔ اس کی بادشاہی میں اس کا کوئی شریک نہیں وہ اکیلا ہے۔ اللہ میرا رب اور میرا خالق ومالک ہے۔ قرآن اس کا کلام ہے۔ سیدنا محمد صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم اس کے نبی ہیں اور وہ عالم کے لئے رحمت ہیں، انس وجن میں ان کے مثل کوئی نہیں، ان کے والد ماجد کا نام عبد اللہ اور والدہ ماجدہ کا نام آمنہ ہے۔ اور وہ خلق خدا پر(بِ) مہربان (رحیم/رؤف) ہیں۔

درس (۲۸)

مَسْجِدُ الرَّسُوْلِ بِالْمَدِيْنَةِ الْمُنَوَّرَةِ

سَيِّدُنَا مُحَمَّدُ ن الْمُصْطَفٰی ﷺ عَبْدُ اللهِ وَرَسُوْلُه، خُلُقُه عظيمٌ وشَانُه رَفِيْعٌ وَهُو خَيْرُ رَسُوْلٍ، لَيْسَ كَمِثْلِه شَیْءٌ فِیْ خَلْقِ الله، مَوْلِدُه مَكَّةُ الْمُكَرَّمَة، وَهِیَ بَلْدَةٌ طَيِّبَةٌ، مُهَاجَرُه مَدِيْنَةٌ مُنَوَّرَةٌ، وَهِیَ بَلْدَةٌ طَيِّبَةٌ اَيْضًا، هَوَاءُ هَا مُعْتَدِلٌ لَا بَارِدٌ وَّ لَا حَارٌّ، وَهُنَاكَ مَسْجِدٌ، مَسْجِدٌ عَظِيْم وَهُوَ مَشْهُوْرٌ بِمَسْجِدِ الرَّسُوْلِ وَهُوَ مُبَارَكٌ، مُبَارَكٌ جِدًّا، فِيْهِ رَوْضَةُ الرَّسُوْلِ ﷺ وَهُوَ مَرْجِعُ الْعَالَمِ.

اسئلة

أرسول الله ﷺ نعمة الله؟

أهو رحيم بخلقِ الله؟

أمسجد الرسول مبارك؟

هل البيت الْحَرَامُ بَيْتُ الله؟

هل القران الحكيم خَيْرُ كِتَابٍ؟

أهذه الحديقة لِعَلِیّ؟

هَلِ الْحَيَاءُ شُعْبَةٌ مِّنَ الْاِيْمَانِ؟

عربی بناؤ!

یہ میرا شہر ہے اور وہ بڑا شہر ہے۔

یہاں (هٰهُنَا) مسجد ہے اور وہاں مدرسہ ہے اور وہ خوبصورت ہے۔

مسجد بہت خوبصورت ہے اور اس کا رنگ ہرا ہے۔

مدرسہ بہت کشادہ ہے اور یہ مدرسہ عربیہ کے نام سے مشہور ہے۔

یہ پتھر کی تختی (لَوْحٌ مِّنَ الْحَجَرِ) ہے اور اس کا رنگ کالا ہے۔

مسجد نبوی (ایک) خوبصورت مسجد ہے اور وہ مدینہ شریف میں ہے۔

درس(۲۹)تمرینی

(۱)

هذه مدرستی وهی واسعة. هٰذا بابها وهو رائع، وذٰلِكَ مكتبها وهو عَصْرِیٌّ. والذی مدیرها ومُؤَسِّسُهَا، وهو ادیب اللُّغَة العربیة. خُلُقه طیّب وعمله صالح وحدیثه ظَرِیْفٌ، وانا طالب فیها. دِرَاستُها جیّدة ونظامها بدیع. هذا زمیلی وهو طالب فیها ایضًا. هٰذا استاذ اللغة العربیة الجدیدةُ وهو حریص علی التدریس ورؤُفٌ بكل تلمیذٍ، والاستاذ الفارسیة لیس بحاضرٍ.

(۲)

فی مدرستی حدیقة جمیلة وفی الحدیقة كَثِیْرٌ من الشجر أی:من التّفاح والرّمان والبرتقال و الموز وفیها نَخْلَةٌ ایضا، وهی شجرة طویلة، ولها جدار وهو محیط بهامن كل جانب، ولها باب واسع وهو رائع جدّا.

اسئلة

ماهذه؟	ومافیها؟	كیف مدرستك؟
أهی واسعة؟	كیف بابها أهو رائع؟	كیف مكتبها أهو عصری؟
كیف دراستها؟	أهی جیدة؟	كیف نظامها؟
أهو بدیع؟	من هذا؟	أهو زمیلك؟
من هذا؟	أهو استاذ اللغة العربیة؟	أهو حریص علی التدریس؟
أهو رؤف بكل تلمیذ؟	این استاذ اللغة الفارسیة؟	

عربی بناؤ!

یہ رسّی ہے اور وہ لمبی ہے اور اس کا رنگ پیلا ہے۔

یہ دھاگا ہے اور اس کا رنگ سفید ہے۔

بالٹی میں پانی ہے اور وہ گرم ہے۔

سیب ہر موسم میں مفید ہے۔

انار موسم گرما (صیفٌ) میں بہت مفید ہے۔

انجیر موسم سرما (شِتاءٌ) میں فائدہ مند ہے۔

اللہ کا ذکر بلند ہے اور وہ بہترین کام (شُغلٌ) ہے۔

رسول اللہ ﷺ اپنی امت پر بڑے مہربان ہیں۔

یہ استاذ اپنے ہر شاگرد پر مہربان ہے۔

عربی زبان بہترین زبان ہے۔

اس باغیچے میں بہت سے پھول ہیں۔

درس (۳۰)

مِنَ الْقُرْآنِ الْحَكِيمِ

اَلْحَمْدُ لِلّٰهِ – وهو رَبُّ كُلِّ شَيْءٍ – وَرَبُّ الْعَرْشِ الْعَظِيمِ – مُحَمَّدٌ رَّسُولُ اللهِ – لِكُلِّ اُمَّةٍ أَجَلٌ – لِكُلِّ أَجَلٍ كِتَابٌ – كُلٌّ فِي كِتَابٍ مُّبِينٍ – الدُّنْيَا قَلِيلٌ – اَلَيْسَ الصُّبْحُ بِقَرِيبٍ – ذٰلِكَ الفضلُ مِنَ اللهِ – هٰذَا مِنْ فَضْلِ رَبِّيْ – فَلِلّٰهِ الْحَمْدُ – وَاللهُ غَفُورٌ رَّحِيمٌ – وَاللهُ وَاسِعٌ عَلِيمٌ – وَاللهُ عَلِيمٌ حَلِيمٌ – اللهُ خَالِقُ كُلِّ شَيْءٍ – وَهُوَ الْوَاحِدُ الْقَهَّارُ – ذٰلِكَ عَالِمُ الْغَيْبِ وَالشَّهَادَةِ – أَلَيْسَ هٰذَا بِالْحَقِ – بَلْ هُوَ الْحَقُّ مِنْ رَّبِّكَ – لَهُ الْحَمْدُ فِي الْأُولٰى وَالْاٰخِرَةِ.

اسئلة

لمن الحمد؟ أهو رب كل شيء؟ ألكل اجل كتاب؟

هل الله غفور؟ هل الله رحيم؟ هل الله خالق كل شیء؟

من سیدنا محمد ﷺ؟

عربی بناؤ!

اللہ سنتا جانتا ہے - اللہ بخشنے والا مہربان ہے - اللہ علم والا حکمت والا ہے - بادشاہی کس کی ہے؟ - اللہ واحد قہار کی - مشرق و مغرب اللہ کا ہے - اور وہ ہر چیز پر قادر ہے - اور وہ ہر چیز کا جاننے والا ہے - یہ اللہ کی مخلوق ہے - یہ عجیب چیز ہے - وہ بڑی کامیابی ہے - اسلام بہترین مذہب ہے - قرآن بہترین کتاب ہے۔

تمرین (١)

هٰذا مکتب المدرسة وهو جمیل. فیه اریکة و کرسی وطاولة، وعلی بابه ستر متلوّن. علی الاریکة مدیر المدرسة وهو مؤسّسها ایضًا، و فی جیبه قلم الحبر وهو ثمین، و فی یده هاتف جوّال وهو رائع، وعلی الکرسی استاذ جدید اسمه سلیمان وهو ادیب، وعلی الطاولة ابریق وکاس و اصیص ومحبر. فی الابریق ماء بارد وفی الکاس لبن حارّ و فی الاصیص غرس وعلی الغرس زهر و الغرس اخضر والزهر احمر کالورد، وفی المحبر، حبر اسود والحبر الاسود، رخیص.

ملاحظہ: صحیح اعراب لگاکر اور ترجمہ کرکے اپنے استاذ کو دکھاؤ۔

تمرین (٢)

من هٰذا؟ هٰذا طالب وهو صالح. کیف خلقه؟ خلقه طیب. ماهوایته؟ هوایته القراءة والکتابة. مابیده؟ بیده "مفتاح العربیه" وهو کتاب مفید لکل طالب من الذکیّ والغبیّ، وکل درس منه سهل لا صعب وهو فی اللغة العربیة. اللغة العربیة خیر لغة وتعلیمها ضروری لکل مسلم ومسلمة.

مَنْ هٰذه؟ هٰذه بنت وهي صالحة جدّا. ما اسمها؟ اسمها سلمىٰ. كيف بيتها؟ بيتها عصري جميل.

من انت يا ولد! ؟ انا طالب في المدرسة الاسلامية. كيف مدرستك؟ و كيف دراستها؟ مدرسي جميلة ودراستها جيّدة وهو مشهور في البلد، مشهور جدّا. مَنْ انتِ يا بنت؟ انا طالبة. أانت مسلمة؟ نعم انا مسلمة. ما اسم والدك؟ اسمه "عبد الله".

ماهٰذا؟ ومافيه؟ هذا بيت وفيه: جمل و بقر وجاموس وضأن وشاة وفرس وحمار وكلب و قطّة. اين السّلة؟ هي على الطاولة. مافيها؟ فيها: تين وتفاح ورمّان وبرتقال وموز و بصل و ثوم وفلفل.

ماهذا ومافيها؟ هذه حقيبة وفيها :قبّعة وقلنسوة و قميص وساعة وفيها: قلم الحبر وقلم الرصاص و كشاف الضوء ايضًا.

فِهرِسُ اَلْفَاظِ الْجُزْءِ الْاَوَّلِ مِنْ مِفْتَاحِ الْعَرَبِيَّةِ وَمَعَانِيْهَا

(الف)

أ: کیا

أَبٌ: باپ

اِبْرِيْقٌ: جگ

اِبْنٌ: بیٹا

اَبْيَضُ: سفید

اَثَلٌ: جھاؤ

اَجَلٌ: وعدہ

اِحْتِيَاجٌ: ضرورت

اَحَدٌ: ایک، کوئی

اَخٌ: بھائی

اَحْمَرُ: سرخ

اُخْتٌ: بہن

اَخْضَرُ: ہرا

اَرْضٌ: زمین

اَرِيْكَة: صوفہ (تخت)

اُسْتَاذ: استاد، پروفیسر

اُسْطُوَانَةٌ: ستون

اُسْطُوانة الغاز: گیس سلنڈر

اسمٌ: نام

اَسْوَدُ: کالا

اصفرُ: پیلا

اِصِيْصٌ: گملا (کونڈا)

اَفْضَلُ: بہترین

اِلٰهٌ: معبود

اِلٰى: تک

اُمٌّ: ماں

اِمْرَأَةٌ: عورت

اَنَا: میں

اَنْتَ: تو، (آپ)

اِنْجِلِيْزِيٌّ: انگریزی

اَنُوْفٌ: خوددار، غیرت دار

اَوَّلُ: پہلا

اَيُّ: کونسا (کیا)

اَيْضًا: بھی

اَيْنَ: کہاں

(ب)

ب: میں، سے، پر

بَائِتٌ: باسی

بَابٌ: دروازہ

بَارِدٌ: ٹھنڈا

بَبْغَاء: طوطا (طوطی)

بَحْرٌ: سمندر

بَدِيْعٌ: انوکھا

بُرْتُقَالٌ: سنترہ

بَصِيْرٌ: دیکھنے والا

بَغل: خچّر

بَقَرٌ: گائے

بَقْلٌ: سبزی (ترکاری)

بَلْ: بلکہ

بَلْدَة: شہر

بَلٰی: کیوں نہیں

بِنْت: لڑکی، بیٹی

بَیْت: گھر

اَلْبَیْتُ الْحَرام: کعبہ شریف

(ت)

تَدْرِیْس: پڑھانا

تَعَلُّمٌ: سیکھنا

تُفَّاحٌ: سیب

تِلْكَ: وہ(اس)

تِلْمِیْذ: شاگرد

تِلْمِیْذَة: شاگردہ

تَمْرِیْن: مشق

تِیْن: انجیر

(ث)

ثَمِیْنٌ (ثَمِیْنَةٌ): قیمتی

ثَوْرٌ: بیل

(ج)

جَالِسٌ: بیٹھنے والا

جَالِسة: بیٹھنے والی

الْجَامِعُ: جامع مسجد

جَامِعة: یونیورسٹی

جَامُوْس: بھینس

جَائِعٌ: بھوکا

جَدٌّ: دادا(نانا)

جِدًّا: بہت

جِدَارٌ: دیوار

جَرَسٌ: گھنٹہ

جَمَلٌ: اونٹ

جَمِیْلٌ: خوبصورت

جَیِّدٌ: عمدہ

(ح)

حَارٌّ: گرم

حَارِسٌ: چوکیدار

حَافِلَة: بس

حِبْرٌ: روشنائی

حَجَرٌ: پتھر

حَدِیْثٌ: بات، گفتگو

حَدِیْدٌ: تیز(لوہا)

حَدِیْقَةٌ: باغ

حَرَامٌ: ناجائز

حَرِیْصٌ: بہت گرویدہ، شائق

حَفِیْدٌ: پوتا

حَق: سچا، سچائی

حَقِیْبَةٌ: سوٹ کیس، بیگ

حُلْوٌ: شیریں

حَلِیْمٌ: حلم والا

حِمَارٌ: گدھا

حَمَامٌ: کبوتر

حَمْدٌ: تعریف، خوبی

حَمِیْدٌ: خوبیوں والا

حَیٌّ: محلہ

حَیَوَانٌ: جانور(جاندار)

(خ)

خَاتَمٌ: انگوٹھی

خَالٌ: ماموں

خَالِقٌ: پیدا کرنے والا

خُبْزٌ: روٹی

خَبِيْرٌ: خبر رکھنے والا، جاننے والا

خُرْطوم: سونڈ

خَلْق: مخلوق

خُلُق: اخلاق

خَيْر: بھلائی، بہتر

(د)

دارِسٌ: ریسرچ اسکالر

دَرّاجة: سائیکل

دِراسة: تعلیم

دَرْس: سبق

(ذ)

ذٰلِكَ: وہ (اس)

ذَكِيٌّ: عقلمند

(ر)

رَائِعٌ: خوشنما

رَبٌّ: پالنے والا، مالک

رَجُلٌ: مرد

رَحِيْمٌ: مہربان

رَخِيْصٌ: سستا

رَسْمٌ: تصویر

رَطْبٌ: تر

رفیع (رفیعة): بلند

رُمَّانٌ: انار

رَؤف: مہربان

(ز)

زَائِر: زیارت کرنے والا

زميل: ساتھی، ہم سبق

زَهْرٌ: پھول

(س)

سَاعَةٌ: گھڑی

سَاقِطٌ: فیل

سِتَارٌ: پردہ، غلاف

سِدْرٌ: بیری

سَرْجٌ: زین

سَرِيْعٌ: تیز، فاسٹ

السّكر: شکر

سقفٌ: چھت

سَمَكٌ: مچھلی

سميع: سننے والا

سمينٌ: موٹا

سَهْلٌ: آسان

سَيْفٌ: تلوار

(ش)

شَابٌّ: جوان

شَاةٌ: بکری

شارع: سڑک، روڈ

شاغِلٌ: مشغول

شَامِخٌ: اونچا

شَجَرٌ: درخت

شَرِيْكٌ: ساجھی

شُعْبَةٌ: شاخ

شُغْلٌ، شُغُلٌ: کام، مشغلہ

شَهَادة: ظاہر

شَهِيٌّ: مرغوب

شَيْخ: بزرگ (بوڑھا)

شَيْءٌ: چیز

(ص)

صَالِحٌ: نیک

صَانِعٌ: کاریگر

صَاهِلٌ: ہنہنانے والا

صَعْبٌ: سخت، مشکل

صغير: چھوٹا

صَغِيْرة: چھوٹی

صلٰوة: نماز

صوابٌ: درست

صَوت: آواز، بولی

صهيل: ہنہنانا

(ض)

ضَأن: بھیڑ

ضَيْفٌ: مہمان

(ط)

طَائِرٌ: پرندہ

طَالِبٌ: متعلم، شاگرد

طالبة: متعلمہ، شاگردہ

طاوِلة: میز

طاهر: پاک

طَرِيٌّ: تازہ، تروتازہ

طَرِيْفٌ: انوکھا

طَعَامٌ: کھانا

طِفْلٌ: بچّہ

طَوِيْلٌ: دراز

طَيِّبَةٌ: پاکیزہ، اچھا

(ع)

عَاطِشٌ: پیاسا

عَالِمٌ: جاننے والا

عَالَمٌ: دنیا (جہان)

عَبْدٌ: بندہ

عَتِيْقٌ: بزرگ (پرانا)

عِجْلٌ: بچھڑا

عَذْبٌ: میٹھا

عَسْكَرِيٌّ: فوجی

عَصْرِی: ماڈرن

عَصِيْرٌ: جوس

عَظِيْمٌ: بڑا، عظمت والا

علىٰ: پر

عَلِيْمٌ: علم والا

عَمٌّ: چچا

عَمَلٌ: کام

عَمِيْقٌ: گہرا

عِنَبٌ: انگور

عُنُقٌ: گردن

(غ)

غَاز: گیس

غُراب: کوّا

غَرْسٌ: پودا

غفور: بخشنے والا

غَيْبٌ: پوشیدہ

(ف)

فَرَسٌ: گھوڑا

فَصْلٌ: موسم

فصل الحَارّ: موسم گرما

فصل الربيع: موسم بہار

فَصْلُ الشِتَاءِ: موسم سرما

فَوْزٌ: کامیابی

فِيْ: میں

فِيْلٌ: ہاتھی

(ق)

قَادِمٌ: آنے والا

قَائِمٌ (قَائِمَة) کھڑا ہونے والا

قُبَّعَةٌ: ٹوپ

قَبِيْحٌ: بدصورت، بُرا

قِدْرٌ: دیگچی، ہانڈی

قَدِيْرٌ: قدرت والا

قَرَاحٌ: صاف

قَرِيْبٌ: نزدیک

قِرْدٌ: بندر

قَصِيْرٌ: ناٹا، چھوٹا

قِطٌّ: بِلّا

قِطَار: ٹرین

قِطَّةٌ: بلی

قفص: پنجرہ

قلم الحبر: فونٹن پن

قلم الرصاص: پنسل

قَلْعَةٌ: قلعہ

قلنسوةٌ: ٹوپی

قَلِيْلٌ: کم، تھوڑا

قميص: کرتا

قَهّار: غالب

(ك)

كِ: تیرا

كَاتِبٌ: کلرک

كَأس: گلاس

كبير (كبيرة): بڑا

كُتّابٌ: مکتب

كتابة: لکھنا

كثير: زیادہ

كُرّاسة: کاپی

كُرَةٌ: گیند (گول)

كُرَةُ القدم: فٹ بال

كَسْلَان: سست

كُلٌّ: سب، ہر

كَلْبٌ/كلبة: کتّا/کتیا

كيف: کیسا

(ل)

ل: لئے (کا)

لا: نہیں

لَاعِبٌ: کھلاڑی

لَاعِبَة: کھلاڑن

لبن: دودھ

لبون: دودھ والا

لحمٌ: گوشت

لِقَاءٌ: ملاقات

لُغَةٌ: زبان

لِمَاذا: کیوں

لَوْحٌ: تختی

لَوْنٌ: رنگ

لَيْسَ (لَيْسَت): نہیں

(م)

ما (مَاذا): کیا

ماءٌ: پانی

مُبين: روشن

مَتاعٌ: سامان

مُتَلَوِّن: رنگین

مِثْلٌ: طرح

مُجْتَهِدٌ: محنتی

مُحِبٌّ: محبت کرنے والا

مِحْبَرٌ: دوات

مَحَطَّةٌ: ریلوے اسٹیشن

مِحْفَظَةٌ: بستہ

مرأةٌ: عورت

مَرجِعٌ: رجوع گاہ (پناہ گاہ)

مُسافِر: جانے والا

روانہ ہونے والا

مِشْكوٰة: طاق

مِصْبَاحٌ: چراغ

مَطار: ہوائی اڈّا، ائیرپورٹ

المعبدُ الهِنْدُوكِيُّ: مندر

معتدل: درمیانہ، خوش گوار

معروف: مشہور

معلمة: استانی

مِلْحٌ: نمک

مُلْك: بادشاہی

مَلِكٌ: بادشاہ

مفيد: فائدہ مند (کارآمد)

مِقْرَاض: قینچی

مَكْتَب: دفتر

مُلْحق: ملنے والا

مَنْ: کون

مِنْ: سے

منزلة: درجہ، مقام

مِنْقار: چونچ

مَوْزٌ: کیلا

مشتغل (مشتغلة): مشغول

مِنْظَارٌ: دوربین

مَهَاجِرٌ: جائے ہجرت

مهذّب: باادب، باتہذیب

مُهَندِسٌ: انجینیَر

مُؤَسِّس: بانی

مَوْلِدٌ: جائے پیدائش

(ن)

نَابِحٌ: بھونکنے والا

نَاجِحٌ: کامیاب، پاس

نَاقَةٌ: اونٹنی

نَاهِقٌ: رینکنے والا

نَجِسٌ: ناپاک

نَخْلَةٌ: کھجور کا درخت

نَظِيف: ستھرا

(و)

واحد: ایک

واسعٌ: کشادہ

واقفٌ: ٹھہرنے، کھڑا ہونے والا

والدٌ: باپ

وَرْدٌ: گلاب

وَفِيٌّ: وفادار

وَلَدٌ: لڑکا

(ه)

هٰذا (هٰذِهِ): یہ، اس

هُدهُد: ایک پرندہ	هِیَ: وہ (یہ) برائے مؤنث	یَدٌ: ہاتھ
هَزِیلٌ: دُبلا	ہ (ها): اس کا (اس کی)	یَقْطِیْن: کدو (لوکی)
هَلْ: کیا	(ی)	یَوْمٌ: دن
هُنَاكَ: وہاں	ی: میرا	یَوْمُ الجزاءِ: قیامت
هُوَ: وہ (یہ)	یا: اے	
هِوَایَةٌ: شوق	یَابِسٌ: خشک	

تَمَّ الجزء الاول من مفتاح العربية بعون الله تعالیٰ وتوفیقه

من إصدارات «دار المنيف – الإمام أحمد رضا الأكاديمي» – بريلي الشريفة – الهند

(١) منهاج العربية الجديد (الأول)
(٢) منهاج العربية الجديد (الثاني)
(٣) مفتاح العربية (الأول)
(٤) مفتاح العربية (الثاني)
(٥) فيض الأدب (الأول – الثاني)
(٦) تسهيل المصادر
(٧) كتاب العقائد
(٨) ميزان الصرف مع المنشعب
(٩) علم الصيغة (مع الحواشي الأردوية)
(١٠) هداية النحو (مع الحواشي الأردوية)
(١١) شرح مائة عامل (مع الحواشي الجديدة)
(١٢) الكافية (مع الحواشي الجديدة)
(١٣) نور الإيضاح (مع الحواشي الأردوية)
(١٤) مختصر القدوري (مع الحواشي الجديدة)
(١٥) أصول الشاشي (مع أحسن الحواشي)
(١٦) دروس البلاغة (مع شرح شمس البراعة)
(١٧) تلخيص المفتاح (مع الحواشي المنتخبة)
(١٨) جواهر المنطق
(١٩) المرقاة (مع الحواشي الأردوية)
(٢٠) شرح التهذيب (مع تحفۂ شاہجہانی)
(٢١) القطبي (مع الحواشي المنتخبة)
(٢٢) مير قطبي (مع الحواشي القديمة)
(٢٣) مجاني الأدب و أزهار العرب (مع حل اللغات)
(٢٤) المبين (عربی زبان کی فضیلت)
(٢٥) فارسی کی پہلی مع فرہنگ
(٢٦) فارسی کی دوسری مع فرہنگ
(٢٧) گلزار دبستاں مع فرہنگ
(٢٨) پنج گنج (مع اردو حواشی)
(٢٩) نحو میر (مع اردو حواشی)
(٣٠) قراءت کورس (ترتیب جدید)

اہم گزارش: ہم نے کتاب کے متن کو تین چار مرتبہ اور حواشی کو ایک سے زیادہ مرتبہ پڑھا ہے، پھر بھی فروگزاشت عین ممکن ہے، لہٰذا قارئین حضرات (اساتذہ وطلبہ) سے درخواست ہے کہ جہاں کہیں غلطی ملاحظہ کریں مندرجہ ذیل نمبر پر مطلع فرمائیں، ہم مشکور ہوں گے اور آئندہ طباعت میں اس کی ضرور تصحیح کر دی جائے گی۔ البتہ بعض مقامات ایسے بھی آئیں گے جہاں نسخوں کا اختلاف ہوگا، اور ایسا بہت ہے جیسا کہ مختلف مطابع کی کتابوں سے مقابلہ کے وقت دیکھا ہے اور پھر کسی ایک کو ترجیح دی ہے، لہٰذا ایسے مقامات کو غلطی شمار نہیں کیا جاسکتا۔ واضح رہے کہ جو اطلاع دیں واٹس ایپ پر تحریری انداز میں دیں تاکہ محفوظ رہے۔

عرض گزار: محمد حنیف خاں رضوی بریلوی **واٹس ایپ نمبر:** 9412489368

ہماری دیگر مطبوعات

کتاب العقائد